Question Booklet No.: Question Booklet Series: **A**

# ENTRANCE TEST - 2025

## School of Arts, Languages and Literature

## Urdu

**Total Questions: 60** **Roll No.** | | | | | | |

**Time Allowed: 70 Minutes**

**Important Instructions for Candidates:**

1. Candidates shall compulsorily use only **blue/ black ball point pen**. In no case gel/ink pen or pencil should be used.
2. Compulsorily write your **roll number** in the space provided at the top of this page of the question booklet.
3. Fill up the necessary information in the spaces provided on OMR Answer sheet including **Question Booklet Number** and **Question Booklet Series**.
4. OMR Answer sheet has an original copy and a candidate's copy glued beneath it at the top. While making entries in the original copy, candidate should ensure that the **two copies are aligned properly** so that the entries made in the original copy against each item are exactly copied in the candidate's copy.
5. All entries in the OMR Answer Sheet, including answers to questions, are to be recorded in the Original Copy only.
6. **Choose only one correct/most appropriate response** for each question among the options A, B, C and D and darken the circle of the appropriate response completely. Incompletely darkened circle is not correctly read by the OMR scanner and no complaint to this effect shall be entertained.
7. **Do not darken more the one circle of option for any question. A question with more than one darkened response shall be considered wrong.**
8. **There will be negative marking for wrong answers. Each wrong answer will lead to deduction of 0.25 marks per wrong answer from the score.**
9. Only those candidates who obtain positive score in Entrance Test shall be eligible for admission.
10. Do not make any stray mark on the OMR sheet as this may lead to errors while scanning.
11. OMR answer sheet must be handled carefully and it should not be folded or mutilated, as in such case it will not be properly evaluated by the machine.
12. No Electronic gadgets including calculators, mobiles, smart watches, blue tooth etc. shall be permitted inside the examination hall.
13. Rough work, if any, should be done on the blank sheets provided with the question booklet.
14. Ensure that the OMR Sheet is signed by the Examinee as well as by the invigilator.
15. At the end of the examination, fold the OMR Sheet along the crease on the top and tear off the top strip to separate the Original OMR Sheet from the Duplicate Copy.
16. Hand over the Original OMR answer sheet to the invigilator and retain the candidate's copy of OMR, Question Booklet and Admit card for your reference.
17. If any of the information in the response Sheet/Question Paper has been found missing or not mentioned as stated above, the candidate is solely responsible for that lapse.
18. Any deficiency on the OMR shall be the responsibility of the candidate himself/herself.

1 غزل کے اشعار کی کون سی خصوصیت اسے دیگر اصنافِ نظم سے ممتاز کرتی ہے؟

(a) ہر شعر کا موضوع الگ اور مکمل ہوتا ہے

(b) یہ صرف مذہبی مضامین کے لیے مخصوص ہے

(c) اس میں کردار نگاری کی جاتی ہے

(d) اس میں صرف لمبی کہانیاں بیان کی جاتی ہیں

2 ولی دکنی کی غزل گوئی کا سب سے نمایاں پہلو کیا تھا؟

(a) سیاسی شعور

(b) دنیاداری اور سادہ عاشقانہ جذبہ

(c) نثر پر عبور

(d) طنز اور مزاح

3 میر تقی میر کی غزلوں کا غالب رجحان کیا تھا؟

(a) قومی اتحاد

(b) فلسفۂ وحدت الوجود

(c) ذاتی غم اور جذباتی شدت

(d) اصلاحِ معاشرہ

4 غالبؔ کی غزل گوئی میں کون سا عنصر سب سے زیادہ نمایاں ہے؟

(a) سادہ بیانی

(b) رمز و کنایہ، فکر انگیزی اور فلسفہ

(c) عوامی زبان

(d) طنزیہ موضوعات

5 محمد حسین آزاد کی عنوانی نظموں کی تحریک اردو ادب میں کن مغربی ادبی تحریکات کے اثرات کا نتیجہ ہے؟

(a) علامتی تحریک (Symbolism)

(b) نیچرلزم اور رومانویت

(c) کلاسیکی یونانی اثرات

(d) مابعد الطبیعاتی شعریت

6 علامہ اقبال کا استعارہ 'شاہین' اردو نظم میں کن متوازی فلسفوں کی ترکیب پیش کرتا ہے؟

(a) تصوف و ترک دنیا

(b) نطشے کا ''سپر مین'' اور اسلامی خودی

(c) اشتراکی انقلاب

(d) سادہ فطری جبلت

7 نظم معرا ی اور آزاد نظم کی ہیئتی تبدیلی دراصل اردو نظم کے کس قسم کے فکری اظہار کی ضرورت سے پیدا ہوئی؟

(a) قومی مفاہمت

(b) جمالیاتی رومان

(c) فکر و تجربے کی انفرادی پیچیدگی اور آزادیٔ بیان

(d) روایتی عروض کا احیاء

8 فیض احمد فیض کی نظم نگاری کا امتیاز کس فنی توازن میں مضمر ہے؟

(a) موضوع و اسلوب کے تنوع میں

(b) سیاسی بیانیہ اور جمالیاتی لطافت کے امتزاج میں

(c) روایتی تلمیحات کے استعمال میں

(d) بیانیہ اظہار اور زبانی نعرہ بازی میں

9 مرثیہ کی ابتدا کس زبان میں ہوئی؟

(a) عربی

(b) فارسی

(c) اردو

(d) ترکی

10 مرثیہ کے لیے سب سے زیادہ موزوں ہئیت کون سی ہے؟

(a) مسدس

(b) مثنوی

(c) غزل

(d) ترکیب بند

11 قصیدہ کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(a) مغز غلیظ

(b) سرور بخش نظم

(c) خوشبودار کلام

(d) ارادے کی بات

12 قصیدے کا بنیادی مقصد کیا ہوتا ہے؟

(a) نصیحت

(b) ذم یا مدح

(c) عشق و محبت

(d) مزاح

13 رباعی کی فنی ساخت کے حوالے سے کون سا بیان درست ہے؟

(a) رباعی میں چار مصرعے ہوتے ہیں جن میں یکساں قافیہ و ردیف لازمی ہے

(b) رباعی میں تین مصرعے اور ایک مطلع ہوتا ہے

(c) رباعی میں چار مصرعے ہوتے ہیں اور مخصوص اوزان کی پابندی ہوتی ہے

(d) رباعی میں بحر متقارب کا استعمال ممنوع ہے

14 ''سحر البیان'' کی مثنوی میں کس روایت کو بنیاد بنایا گیا ہے؟

(a) مذہبی قصے

(b) اخلاقی نصیحت

(c) عشقیہ و نیم اسطوری بیانیہ

(d) سیاسی تمثیل

15 درج ذیل میں سے اردو کی سب سے اولین مثنوی کون سی مانی جاتی ہے؟

(a) گلزار نسیم

(b) سحر البیان

(c) کدم راؤ پدم راؤ

(d) بوستانِ خیال

16 اردو رباعی کی ترقی میں شمالی ہند کے کس دور کا خاص کردار مانا جاتا ہے؟

(a) مغلیہ دور

(b) نوآبادیاتی دور

(c) جدید دور

(d) آزادی کے بعد کا دور

17 اردو کے پیدائش سے متعلق 'تین مراکز' کا نظریہ کس نے پیش کیا؟

(a) رام بابو سکسینہ

(b) سید محبوب رضوی

(c) مسعود حسین خاں

(d) ڈاکٹر گیان چند

18 حضرت خواجہ بندہ نواز گیسودراز نے اردو میں کون سا پہلا نثری کام کیا؟

(a) معراج العاشقین

(b) سب رس

(c) عجائب القصص

(d) باغ و بہار

19 دبستان لکھنؤ کا نمایاں اسلوب کیا ہے؟

(a) سادگی اور تصوف

(b) مزاح اور ہجو

(c) زبان و بیان کی بناوٹ اور مصنوعی پن

(d) جدید لب ولہجہ

20 ''باغ و بہار'' میں اردو نثر کو کس طرز پر استوار کیا گیا؟

(a) فارسی ساخت پر

(b) قصص الانبیاء کے انداز پر

(c) سادہ، عوامی اور بیانیہ نثر پر

(d) لسانیاتی تجربے پر

21 داستان کے بنیادی وصف میں سب سے نمایاں پہلو کیا ہے؟

(a) تاریخی صداقت

(b) تمثیلی گہرائی

(c) تخیل کی وسعت اور غیر حقیقی عناصر

(d) تنقیدی نظریہ

22 باغ و بہار' کی سب سے نمایاں لسانی خوبی کیا ہے؟

(a) فارسی زدہ نثر

(b) بھاری الفاظ کا استعمال

(c) دہلی کی کھڑی بولی کی سادہ روانی

(d) شاعرانہ تمثیل

23 اردو ڈرامے کا حقیقی آغاز کن مصنفین کے ساتھ وابستہ ہے؟

(a) میر و غالب

(b) امتیاز علی تاج، آغا حشر کاشمیری

(c) میر امن، نذیر احمد

(d) حالی، شبلی

24 محمد مجیب کے ڈراموں کی زبان کی سب سے نمایاں خصوصیت کیا ہے؟

(a) طنز و مزاح

(b) ڈرامائی علامت

(c) خطیبانہ روانی

(d) سنجیدہ، دانشورانہ نثر

25 اردو ادب میں مضمون نگاری کی ابتدائی روایت کس تحریک سے جُڑی ہوئی ہے؟

(a) ترقی پسند تحریک

(b) علی گڑھ تحریک

(c) تحریک خلافت

(d) انجمن پنجاب

26 اردو مضمون نگاری میں سنجیدگی اور دلیل پسندی کے رجحان کی بنیاد کس مصنف نے رکھی؟

(a) شبلی نعمانی

(b) رشید احمد صدیقی

(c) سرسید احمد خاں

(d) خواجہ حسن نظامی

27 'چارپائی' انشائیے میں بنیادی اسلوب کیا ہے؟

(a) فلسفیانہ

(b) بیانیہ اور شگفتہ

(c) علامتی اور پیچیدہ

(d) شعری نثر

28 'چارپائی' کو کس موضوع کا تمثیلی استعارہ کہا جا سکتا ہے؟

(a) ہندوستانی طرزِ زندگی

(b) سماجی جمود

(c) مشینی زندگی

(d) تہذیبی زوال

29 بیسویں صدی کے آغاز میں اردو زبان جموں وکشمیر میں کس ذریعے سے مقبول ہوئی؟

(a) سنیما

(b) مذہبی مجالس

(c) مہاراجہ کا دربار

(d) اسکول اور اخبارات

30 جموں وکشمیر میں اردو کو کس سال سرکاری زبان کا درجہ دیا گیا؟

(a) 1920

(b) 1932

(c) 1889

(d) 1885

31 فکاہیہ کالم 'خضر سوچتا ہے ولر کے کنارے' کس نے شروع کیا تھا؟

(a) شمیم احمد شمیم

(b) ثنااللہ بھٹ

(c) صوفی غلام محمد

(d) محمدالدین فوق

32 حامدی کاشمیری کی کتاب کو پہچانیے :

(a) وادی کے پھول

(b) شعلے

(c) زبان و بیان

(d) آگہی

33 نفسیاتی ناول میں سب سے زیادہ توجہ کس پہلو پر دی جاتی ہے؟

(a) سیاسی جدوجہد

(b) بیرونی واقعات

(c) کردار کے باطنی ذہنی رویے

(d) ثقافتی منظرکشی

34 اردو کا اولین مکمل ناول کون سا مانا جاتا ہے؟

(a) ایامیٰ

(b) امراؤ جان ادا

(c) مراۃ العروس

(d) شریف زادہ

35 'ایک چادر میلی سی' کا موضوع کیا ہے؟

(a) جنگ و جدل

(b) ہجرت

(c) گھریلو عورت کی مجبوری اور ذہنی کشمکش

(d) تعلیمی مسائل

36 ایک چادر میلی سی' میں چادر کس چیز کی علامت ہے؟

(a) سادگی اور سچائی

(b) محبت اور حیا

(c) مذہب اور سماج

(d) سماجی دباؤ، اور عورت کی مظلومیت

37 اردو افسانے کی تعریف کرتے وقت کن عناصر کو بنیادی طور پر ملحوظ رکھا جاتا ہے؟

(a) پلاٹ، کردار، مکالمہ، اور انجام

(b) صرف بیانیہ اسلوب

(c) کہانی کی داخلی ساخت

(d) محض زبان و بیان کی نزاکت

38 ترقی پسند تحریک سے وابستہ اردو افسانے کی سب سے بڑی خصوصیت کیا ہے؟

(a) تجریدیت اور علامتوں کا استعمال

(b) مقصدیت، حقیقت نگاری اور سماجی ناانصافیوں کی نمائندگی

(c) فکشن کی طویل ساخت

(d) تصوف کی تجلی

39 پریم چند نے اردو افسانے کو کس چیز سے روشناس کرایا؟

(a) علامتی اسلوب

(b) طنز و مزاح

(c) داخلیت اور انفرادیت

(d) حقیقت نگاری اور سماجی شعور

40 جدیدیت کے دور میں افسانہ نگاروں نے کس عنصر پر زیادہ زور دیا؟

(a) حقیقت نگاری

(b) اصلاحِ معاشرہ

(c) داخلی کیفیات

(d) رومانویت

41 دارالترجمہ عثمانیہ کا مقصد کیا تھا؟

(a) مذہبی کتابوں کا ترجمہ

(b) عثمانیہ یونیورسٹی کے کورسز کے لیے اردو میں نصابی کتاب بہم کرانا

(c) ترجمے کے ذریعے اردو کی ترویج

(d) لغت سازی سے اردو زبان کی خدمت کرنا

42 اردو میں اصطلاح سازی کا سب سے اہم اصول کیا ہے؟

(a) عربی زبان سے اصطلاح لینا

(b) انگریزی اصطلاحات کا من وعن ترجمہ کرنا

(c) اصطلاحات کے معنی فراہم کرنا

(d) فطری، سادہ، قابلِ فہم اور اردو مزاج سے ہم آہنگ ہونا

43 اگر مترجم ماخذی زبان کو تو سمجھتا ہو مگر ہدفی زبان میں مہارت نہ رکھتا ہو، تو اس کے ترجمے میں کیا خامی آسکتی ہے؟

(a) ترجمہ بہت مختصر ہوجائے گا

(b) اصل مواد حذف ہوجائے گا

(c) زبان غیر فصیح اور غیر مؤثر ہوگی

(d) ترجمہ شاعرانہ ہوجائے گا

44 درج ذیل میں سے ترجمے کی کون سی قسم بلاواسطہ ترجمہ (Direct Translation) کہلاتی ہے؟

(a) تخلیقی ترجمہ

(b) لفظی ترجمہ

(c) آزاد ترجمہ

(d) مفہومی ترجمہ

45 پطرس بخاری کی مزاح نگاری کا سب سے اہم وصف کیا ہے؟

(a) فلسفیانہ اظہار

(b) مصنوعی سنجیدگی

(c) غیر شعوری ہنسی

(d) زندگی کے عام مشاہدات کا شگفتہ بیان

46 شفق سوپوری کے طنز ومزاح کی زبان کا سب سے نمایاں پہلو کیا ہے؟

(a) برجستگی اور محاوراتی چستی

(b) سادہ اور سپاٹ انداز

(c) بیان کی سنجیدگی

(d) مذہبی انداز

47 طنز کی بنیادی خصوصیت کیا ہے؟

(a) جذبات کی شدت

(b) واقعہ نگاری

(c) صرف تفریح طبع

(d) اصلاحِ معاشرہ کے لیے نشتر زنی

48 اردو ادب میں مزاح کو کس وصف کے ساتھ زیادہ جوڑا جاتا ہے؟

(a) فصاحت

(b) شوخی و بذلہ سنجی

(c) صوفیانہ رموز

(d) داستانوی اسلوب

49 سرسید تحریک کے بعد نثر نگاری میں کیا تبدیلی آئی؟

(a) بیانیہ کا رومانوی اسلوب

(b) محض شاعری پر زور

(c) سادہ، منطقی اور مقصدی انداز

(d) محاورہ بازی اور فصاحت

50 سرسید احمد خاں کا دور کس تاریخی واقعے سے خاص طور پر متاثر تھا؟

(a) 1830 کی دہائی میں رجب علی بیگ سرور کا عہد

(b) 1857 کی جنگِ آزادی

(c) 1947 کا بٹوارہ

(d) 1885 میں کانگریس کا قیام

51 علی گڑھ تحریک کا سب سے پہلا اور بنیادی مقصد کیا تھا؟

(a) اردو زبان کو فروغ دینا

(b) سیاسی تحریک شروع کرنا

(c) ادبی محفلیں منعقد کرنا

(d) مسلمانوں کو مغربی تعلیم سے آراستہ کرنا

52 "اپنی مدد آپ" مضمون کا مرکزی پیغام کیا ہے؟

(a) حکومت پر انحصار

(b) تعلیم کو ترک کرنا

(c) خود انحصاری اور اجتماعی بیداری

(d) ہجرت اور ترک وطن

53 صحافت کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

(a) تفریح فراہم کرنا

(b) سیاسی جماعت کی ترویج

(c) صرف ادبی مواد شائع کرنا

(d) خبر رسانی اور رائے سازی

54 خبر کے بنیادی اجزا میں کون سا جزو شامل نہیں ہوتا؟

(a) کب

(b) کیوں

(c) کیسے

(d) تبصرہ

55 نامہ نگاری میں سب سے زیادہ زور کس بات پر ہوتا ہے؟

(a) شاعرانہ انداز

(b) عینی مشاہدہ اور جزئیات نگاری

(c) کہانی کی تشکیل

(d) ذاتی تبصرہ

56 کالم نگاری میں کون سا وصف نمایاں ہوتا ہے؟

(a) مکمل غیر جانبداری

(b) ذاتی اسلوب اور تنقیدی نقطۂ نظر

(c) ادارتی رائے

(d) صرف خبر رسانی

57 درج ذیل میں سے کون سا ذریعہ برقی مواصلات کی ایک قسم ہے؟

(a) کتاب

(b) خطوط

(c) رسالہ

(d) ریڈیو

58 اردو زبان میں برقی ذرائع ابلاغ کی ابتدا کس دور میں ہوئی ؟

(a) مغلیہ دور

(b) انگریزی عہد میں

(c) 1857 کے بعد

(d) بیسویں صدی کے آغاز میں

59 آل انڈیا ریڈیو کا نیا نام کب رکھا گیا؟

(a) 1936

(b) 1947

(c) 1956

(d) 1962

60 ہندوستان میں ٹیلی ویژن نشریات کا آغاز کب ہوا؟

(a) 1947

(b) 1959

(c) 1965

(d) 1975

Sr. No. 481

# ENTRANCE TEST-2024

## SCHOOL OF ARTS, LANGUAGES & LITERATURE

## URDU

Question Booklet Series **A**

**Total Questions : 60**
**Time Allowed : 70 Minutes**

Roll No. : | | | | | | |

SEAL

**Instructions for Candidates :**

1. Write your Entrance Test Roll Number in the space provided at the top of this page of Question Booklet and fill up the necessary information in the spaces provided on the OMR Answer Sheet.
2. OMR Answer Sheet has an Original Copy and a Candidate's Copy glued beneath it at the top. While making entries in the Original Copy, candidate should ensure that the two copies are aligned properly so that the entries made in the Original Copy against each item are exactly copied in the Candidate's Copy.
3. All entries in the OMR Answer Sheet, including answers to questions, are to be recorded in the Original Copy only.
4. Choose the correct / most appropriate response for each question among the options A, B, C and D and darken the circle of the appropriate response completely. The incomplete darkened circle is not correctly read by the OMR Scanner and no complaint to this effect shall be entertained.
5. Use only blue/black ball point pen to darken the circle of correct/most appropriate response. In no case gel/ink pen or pencil should be used.
6. Do not darken more than one circle of options for any question. A question with more than one darkened response shall be considered wrong.
7. There will be **'Negative Marking'** for wrong answers. Each wrong answer will lead to the deduction of 0.25 marks from the total score of the candidate.
8. Only those candidates who would obtain positive score in Entrance Test Examination shall be eligible for admission.
9. Do not make any stray mark on the OMR sheet.
10. Calculators and mobiles shall not be permitted inside the examination hall.
11. Rough work, if any, should be done on the blank sheets provided with the question booklet.
12. OMR Answer Sheet must be handled carefully and it should not be folded or mutilated in which case it will not be evaluated.
13. Ensure that your OMR Answer Sheet has been signed by the Invigilator and the candidate himself/herself.
14. At the end of the examination, hand over the OMR Answer Sheet to the invigilator who will first tear off the original OMR sheet in presence of the Candidate and hand over the Candidate's Copy to the candidate.

1. اُردو کی پہلی مثنوی کون سی ہے؟
(A) کدم راؤ پدم راؤ
(B) سحرالبیان
(C) گلزارنسیم
(D) قطب مشتری

2. نجم النساء کس مثنوی کا کردار ہے؟
(A) سحرالبیان
(B) گلزارنسیم
(C) زہرعشق
(D) پھول بن

3. میرانیس کس صنف شاعری میں ممتاز مقام رکھتے ہیں؟
(A) قصیدہ
(B) مرثیہ
(C) غزل
(D) مثنوی

4. میرانیس کی شاعرانہ چشمک کس شاعر سے تھی؟
(A) دبیر
(B) مصحفی
(C) آتش
(D) انشا

5. مرثیہ کس عربی لفظ سے مشتق ہے؟
(A) رسا
(B) رثا
(C) ثنا
(D) رصا

6. اُردو میں قصیدے کی روایت کن زبانوں سے آئی ہے؟
(A) سنسکرت اور پالی
(B) عربی اور فارسی
(C) انگریزی اور فرانسیسی
(D) فارسی اور دری

7. ان میں سے کون سا عنصر قصیدے کے اجزائے ترکیبی میں شامل نہیں ہے؟
(A) تشبیب
(B) گریز
(C) مدح/ذم
(D) مناظر فطرت

8. سودا کی شناخت کس صنف شاعری کے حوالے سے ہے؟
(A) قصیدہ
(B) مرثیہ
(C) رباعی
(D) مثنوی

9. امجد حیدرآبادی کا اصل نام کیا ہے؟
(A) سید اکبر حسین
(B) سید مجاہد حسین
(C) سید اصغر حسین
(D) سید احمد حسین

10. عام طور پر رباعی کے کتنے اوزان ہوتے ہیں؟
(A) بیس
(B) تیس
(C) چوبیس
(D) پچیس

11. پرتھوی تھیئٹر کے بانی کون تھے؟
(A) راج کپور
(B) ششی کپور
(C) پرتھوی راج کپور
(D) پرتھوی راج چوہان

12. ڈراما ''خانہ جنگی'' کس نوع کی تصنیف ہے؟
(A) عشقیہ ڈراما
(B) رزمیہ ڈراما
(C) بزمیہ ڈراما
(D) تاریخی ڈراما

13. ''فسانۂ آزاد'' کس کی تصنیف ہے؟
(A) بہادر شاہ ظفر
(B) پنڈت رتن ناتھ سرشار
(C) رجب علی بیگ سرور
(D) عطا حسین تحسین

14. اُردو کی پہلی داستان جس کو ادبی نثر کا پہلا نمونہ قرار دیا جاتا ہے وہ کون سی داستان ہے؟
(A) کربل کتھا
(B) معراج العاشقین
(C) سب رس
(D) قصہ مہر افروز و دلبر

15. ناول 'ایک چادر میلی سی' کے مرکزی کردار کا نام کیا ہے؟
(A) نعیمہ
(B) کوثر
(C) تلوکا
(D) ایشر سنگھ

16. ذیل میں سے کون سا افسانہ کرشن چندر کا ہے؟
(A) انوکھی مصیبت
(B) گیت اور پتھر
(C) پت جھڑ کی آواز
(D) ٹوبا ٹیک سنگھ

17. اس اقتباس میں درست قول کی نشان دہی کریں۔
''یہ افسانہ ایسے دو کرداروں کے ذریعہ شروع ہوتا ہے جن کی سماج میں کوئی حیثیت نہیں ہے۔''
(A) افسانہ کالو بھنگی
(B) افسانہ نمک کا داروغہ
(C) آنندی
(D) نیا قانون

18. ابتدا میں نواب رائے کے نام سے کس نے افسانے لکھے؟
(A) کرشن چندر
(B) سعادت حسن منٹو
(C) راجندر سنگھ بیدی
(D) پریم چند

19. ''غزل اُردو شاعری کی آبرو ہے'' کس کا قول ہے؟
(A) رشید احمد صدیقی
(B) قمر رئیس
(C) شمس الرحمٰن فاروقی
(D) کلیم الدین احمد

20. کس نے ذیل کے اس ایک شعر کے بدلے میں اپنا پورا دیوان دینے کی بات کہی تھی؟
(A) شیفتہ
(B) غالب
(C) مومن
(D) مصحفی

.21 دبستان دہلی میں صوفی شاعر کون ہیں؟

(A) غالب

(B) درد

(C) میر

(D) مومن

.22 غزل کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) عربی

(B) فارسی

(C) اُردو

(D) ترکی

.23 غزل کا ہر شعر معنوی اعتبار سے کیسا ہوتا ہے؟

(A) جداگانہ

(B) بے ربط

(C) مسلسل

(D) پیچیدہ

.24 جدید غزل کے عناصر اربعہ کے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے۔

(A) اصغر۔حسرت۔مجروح۔سیماب

(B) اصغر۔حسرت۔ساغر نظامی۔فراق

(C) اصغر۔جگر۔فانی۔حسرت

(D) اصغر۔جگر۔یگانہ۔حسرت

.25 جدید غزل کو سمت و رفتار کس نے عطا کی؟

(A) میر

(B) حسرت

(C) ولی

(D) سوز

.26 تمہاری یاد کے جب زخم بھرنے لگتے ہیں
کسی بہانے تمہیں یاد کرنے لگتے ہیں
درج بالا شعر کس شاعر کا ہے؟

(A) فانی

(B) حسرت

(C) فیض

(D) اصغر

.27 کس نظم میں ردیف قافیہ کے ساتھ وزن اور بحر کی پابندی ہوتی ہے؟

(A) آزاد نظم

(B) پابند نظم

(C) نظم معریٰ

(D) نثری نظم

.28 آزاد نظم کا امام کسے کہتے ہیں؟

(A) مجاز

(B) جاں نثار اختر

(C) ن۔م۔راشد

(D) حسرت موہانی

.29 مسجد قرطبہ اقبال کے کس مجموعے میں شامل ہے؟

(A) بانگ درا

(B) بال جبریل

(C) ضرب کلیم

(D) ارمغان حجاز

.30 درج ذیل میں سے کون سی دونوں نظمیں کسی ایک شاعر کی ہیں؟ نشاندہی کیجئے۔

(A) جاتری، صبح آزادی

(B) ایک لڑکا، الیلی صبح

(C) چاند تاروں کا بن، حسن کوزہ گر

(D) شعاع امید، ذوق وشوق

31. صنفی لحاظ سے ''مضمون'' کا مفہوم کیا ہوسکتا ہے؟
(A) وضاحت سے کسی ایک مضمون کو پیش کرنا۔
(B) کسی بھی موضوع کے تحت بات کو شرح وبسط کے ساتھ پیش کرنا۔
(C) جس میں وضاحت سے کسی ایک مضمون کو پیش کرتے ہوئے حوالہ دینا لازمی ہو۔
(D) اپنی باتوں کو عام انداز میں پیش کرنا۔

32. اُردو میں مختصر مضمون نگاری کا آغاز کس نے کیا؟
(A) سرسید
(B) شبلی
(C) حالی
(D) آزاد

33. مندرجہ ذیل اقتباس کس مضمون سے ماخوذ ہے؟
''انسان کی طبیعت کو خدا نے انواع واقسام کی کیفیتیں عطا کی ہیں مگر زمین جس قدر تخم امید کو پرورش کرتی ہے اس کثرت سے کسی کیفیت کو سرسبز نہیں کرتی اور کیفیتیں خاص خاص وقت پر اپنا اثر کر اٹھتی ہیں یا بمقتضائے سن خاص عمروں میں ان کے اثر ظاہر ہوتے ہیں۔ مگر امید کا یہ حال ہے کہ جس وقت سے اس بات کی تمیز ہونے لگی کہ حالت موجودہ ہماری خوش حالی یا بدحالی بھی ہوسکتی ہے، اسی وقت اس کی تاثیر شروع ہوجاتی ہے۔''
(A) گلشن امید کی بہار
(B) امید کی خوشی
(C) قحط الرجال
(D) گزرا ہوا زمانہ

34. مضمون اور انشائیہ میں کیا فرق ہے؟
(A) مضمون اور انشائیہ دونوں ایک طرح کی تحریریں ہیں۔
(B) مضمون میں کسی بات کو مربوط انداز میں بیان کرتے ہیں اور انشائیہ میں کوئی ظاہری طور پر ربط نہیں ہوتا۔
(C) مضمون میں کسی بات کو مربوط انداز میں بیان کرتے ہیں، انشائیہ میں صرف مزاحیہ عناصر ہوتے ہیں۔
(D) انشائیہ میں ربط ضروری ہے اور مضمون میں ربط ضروری نہیں۔

35. 'جھینگر کا جنازہ' کا تعلق اُردو کی کس نثری صنف سے ہے؟
(A) ڈراما
(B) ناول
(C) انشائیہ
(D) افسانہ

36. ذیل کا اقتباس کس انشائیے سے ماخوذ ہے؟
''ایک دن اس مرحوم کو میں نے دیکھا کہ حضرت ابن عربی کی فتوحات مکیہ کی ایک جلد میں چھپا بیٹھا ہے۔ میں نے کہا کیوں رے شریر! تو یہاں کیوں آیا؟ اچھل کر بولا ذرا اس کا مطالعہ کرتا تھا۔''
(A) چارپائی
(B) جھینگر کا جنازہ
(C) امید کی خوشی
(D) مفلسی

37. خواجہ حسن نظامی کا تعلق کس شہر سے ہے؟
(A) حیدرآباد
(B) دہلی
(C) لکھنؤ
(D) کشمیر

38. ذیل میں سے کون انشائیہ نگار نہیں ہیں ؟
(A) خواجہ حسن نظامی
(B) محمد حسین آزاد
(C) مومن خان مومن
(D) رشید احمد صدیقی

39. مجتبٰی حسین کی تصنیف ''سو ہے وہ بھی آدمی'' کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟
(A) خاکہ
(B) خودنوشت
(C) انٹرویو
(D) انشائیہ

40. رشید احمد صدیقی کا تعلق کس جامعہ سے تھا؟
(A) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی
(B) جامعہ ملیہ اسلامیہ
(C) کشمیر یونیورسٹی
(D) دہلی یونیورسٹی

41. ''غالب جدید شعرا کی محفل میں'' کس کی تخلیق ہے؟
(A) عظیم بیگ چغتائی
(B) فرحت اللہ بیگ
(C) محفوظ علی بدایونی
(D) کنہیالال کپور

42. ''نئے شگوفے'' کس کی تصنیف ہے؟
(A) کنہیالال کپور
(B) رشید احمد صدیقی
(C) پطرس بخاری
(D) مجتبیٰ حسین

43. درجہ ذیل مصنفین میں سے کس کا تعلق فورٹ ولیم کالج سے نہیں ہے؟
(A) پنڈت رتن ناتھ سرشار
(B) حیدر بخش حیدری
(C) میر شیر علی افسوس
(D) نہال چند لاہوری

44. سر سید تحریک کو اور کس نام سے جانا جاتا ہے؟
(A) ترقی پسند تحریک
(B) علی گڑھ تحریک
(C) جدیدیت
(D) مابعد جدیدیت

45. درج ذیل میں سے کون سا شاعر ترقی پسند نہیں ہے؟
(A) وامق جونپوری
(B) میراجی
(C) جاں نثار اختر
(D) پرویز شاہدی

46. مندرجہ ذیل میں سے کس ناقد کا تعلق جدیدیت سے ہے؟
(A) شمس الرحمٰن فاروقی
(B) محمد حسن
(C) قمر رئیس
(D) شارب ردولوی

47. ذیل میں سے 'تنقید' کا صحیح مفہوم کیا ہے؟
(A) نکتہ چینی
(B) تنقیص
(C) تحسین
(D) قدر شناسی

48. عزیز احمد نے ارسطو کی کتاب ''پوئٹکس'' کا ترجمہ اُردو میں کس نام سے کیا؟
(A) فنِ شاعری
(B) بوطیقا
(C) شعریات
(D) جمالیات

49. درج ذیل میں سے کس کا تعلق سائنٹفک تنقید سے نہیں ہے؟
(A) محمد حسن
(B) آل احمد سرور
(C) مجنوں گورکھپوری
(D) اختر حسین رائے پوری

50. مقدمہ شعروشاعری کی سن تصنیف کیا ہے؟
(A) 1920
(B) 1900
(C) 1910
(D) 1893

51. ''اکتشافی تنقید'' کے حوالے سے کس ادیب کا نام لیا جاتا ہے؟
(A) خواجہ احمد فاروقی
(B) فراق گورکھپوری
(C) حامدی کاشمیری
(D) احتشام حسین

52. ''ابابیلیں لوٹ آئیں گی'' کس کا ناول ہے؟
(A) ترنم ریاض
(B) ریاض توحیدی
(C) حامدی کاشمیری
(D) آنندلہر

53. افسانوی مجموعہ ''بٹوارہ'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟
(A) آنندلہر
(B) کرشن چندر
(C) خواجہ احمد عباس
(D) مشرف عالم ذوقی

54. حامدی کاشمیری کا اصل نام کیا تھا؟
(A) حامداللہ
(B) حمیداللہ
(C) برکت اللہ
(D) حبیب اللہ

55. کس نے اُردو خطوط کو مراسلے سے مکالمہ بنادیا؟
(A) انشاءاللہ خاں انشاء
(B) مولانا آزاد
(C) غالب
(D) اقبال

56. غالب ابتدا میں کیا تخلص اپناتے تھے؟
(A) اسعد
(B) اسد
(C) مجنوں
(D) یاس

57. اُردو میں مکتوب نگاری کو ادبی صنف کا درجہ کس نے عطا کیا؟
(A) سرسید احمد خان
(B) مرزا غالب
(C) ابوالکلام آزاد
(D) علامہ اقبال

58. ان میں سے کون سی نظم اقبال کی نہیں ہے؟
(A) چکی نامہ
(B) شمع وشاعر
(C) ہمالہ
(D) تصویر درد

59. اقبال کے اس شعر میں کس صنعت کا استعمال ہوا ہے؟
بے خطر کود پڑا آتش نمرود میں عشق
عقل ہے محو تماشائے لب بام ابھی استعارہ
(A) تشبیہ
(B) استعارہ
(C) تلمیح
(D) حسن تعلیل

60. ''عشق بھی ہو حجاب میں حسن بھی ہو حجاب میں''
ذیل کے مصرعوں کی مدد سے صحیح مصرعہ ثانی کی نشاندہی کیجئے۔
(A) یا مجھے ہمکنار کر یا مجھے بے کنار کر
(B) کارِ جہاں دراز ہے اب مرا انتظار کر
(C) آپ بھی شرمسار ہو مجھ کو بھی شرمسار کر
(D) یا تو خود آشکار ہو یا مجھے آشکار کر